سوال

نماز

جواب

پچھلی صف میں اکیلیے کھڑے ہونے کا حکم؟ السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ جب امام جماعت کروارہا ہو پہلی صف مکمل ہو چکی ہو تو کیا آخری صف میں اکیلا آدمی کھڑا ہو سکتا ہے۔ ؟ الجواب بعون الوہاب بشرط صحۃ السؤال وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ! الحمد للہ، والصلاۃ والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد! نماز نبوی طبع دارالسلام صفحہ 129، 130 پر ڈاکٹر شفیق الرحمن حفظہ ا تعالیٰ رقم طراز ہیں: اگر صف میں جگہ ہے تو پیچھے اکیلیے آدمی کی نماز نہیں ہوتی اور اگر صف میں جگہ نہیں ہے تو یہ اضطراری کیفیت ہوگی ایسی صورت میں اکیلیے ہی کھڑے ہو جانا چاہیئے نماز ہو جائے گی کیونکہ اگلی صف میں سے کسی مقتدی کو کھینچنا کسی صحیح حدیث سے ثابت نہیں ہے۔ امام مالک، امام احمد، امام اوزاعی، امام اسحاق اور امام ابو داؤد کا یہی مذہب ہے کہ صف سے آدمی نہ کھینچا جائے، البتہ ایک امام اور ایک مقتدی والے مسئلہ پر قیاس کر کے جواز ملتا ہے یعنی جب دو شخص جماعت کروار ہے ہوں تو تیسرا بعد میں آنیوالا مقتدی کو کھینچ کر پیچھے اس کے ساتھ صف بنالے گا۔ لہذا اگر اگلی صف مکمل ہے تو پیچھے اکیلیے نماز (مجبوری کی وجہ سے) ہو جائے گی۔ اور اگر اگلی صف سے کسی کو کھینچ کر پیچھے کھڑا کر لیا تو دو آدمیوں پر قیاس کرنے کیوجہ سے یہ بھی درست ہوگا، نماز ہو جائے گی۔ ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب فتوی کمیٹی محدث فتوی